سوال

(228)سونے کا کنگن

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

میں مردوں اور عورتوں کے ایک مخلوط معاشرے میں تھی تو شیطانی خواہش کے اظہار کے پیش نظر ایک شخص نے مجھے سونے کا ایک قیمتی کنگن تحفہ کے طور پر دیا۔ الحمدللہ!اب میں اس ماحول سے باہر نکل آئی ہوں۔ میں نے حق کے راستے کو پہچان لیا ہے۔مجھےاپنے ماضی پر ندامت ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ تحفہ میرا حق ہے اور میں اس کنگن کو بطور زینت استعمال کر سکتی ہوں یا اسے صدقہ کردوں یا اسے کیا کروں، کیونکہ وہ ماحول مجھے سخت ناپسند ہے اور میں اس میں واپس جا کر اس شخص کو اس کا یہ تحفہ واپس نہیں کر سکتی؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس ماحول سے جو بچایا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ کا شکرادا کریں، اور یہ تحفہ اس شخص کو واپس مت لوٹائیں بلکہ اسے صدقہ کردیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص181

محدث فتویٰ